روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 17 جون 2008ء 12 جمادی الثانی 1429 ہجری 17 احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 136

رزق نہ چھوڑو

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی جگہ رزق کا وسیلہ بنا دے تو آدمی اس کو نہ چھوڑے جب تک وہ اس کیلئے تبدیل نہ ہو جائے یا وہ اس کیلئے نقصان کا موجب ہو جائے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب التجارات باب اذا قسم للرجل حدیث نمبر:2139)

صفت رزاق کا انسان کے ساتھ یہ تعلق ہے کہ اسے بحیثیت اشرف المخلوقات مادی اور روحانی رزق کی ضرورت ہے

اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے اپنا رازق اور تمام قوتوں اور طاقتوں کا مالک ہونا ظاہر فرمایا ہے

ہر احمدی کو خیال رکھنا چاہئے کہ اس کا کمایا ہوا مال پاک ہو اور پاک مال ہی خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 13 جون 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 13 جون 2008ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے گزشتہ خطبہ جمعہ کے تسلسل میں خدا تعالیٰ کی صفت رزاق کے مضمون کو جاری رکھا اور قرآن کریم کی بعض آیات کے حوالے سے اس کی مزید تشریح بیان کی۔ فرمایا کہ جہاں تک اس صفت کا انسان کے ساتھ تعلق ہے وہ یہ ہے کہ بحیثیت اشرف المخلوقات اسے مادی اور روحانی دونوں رزق کی ضرورت ہے۔ ایک مومن اگر اللہ تعالیٰ پر توکل کرے اس کے احکامات پر عمل کرے اور تقویٰ کو مدنظر رکھے تو ایسے ایسے ذریعوں سے اسے رزق ملتا رہے گا جس کا ایک غیر مومن تصور بھی نہیں کر سکتا اور جب مومن ان خدا کے فضلوں کو دیکھتا ہے تو شکرگزاری میں بڑھتا ہے اور یہ بات اس کے ایمان اور تقویٰ میں اضافے کا باعث بنتی ہے جس کے نتیجہ میں پھر خدا تعالیٰ اسے مزید نعمتوں سے نوازتا ہے اور اس کے رزق میں مزید برکت پڑتی ہے۔ یہ سلوک اللہ تعالیٰ انہی سے فرماتا ہے جو ایمان میں بڑھے ہوئے ہیں یا بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ تقویٰ کے بارے میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ تقویٰ کے بہت سے اجزا ہیں، عجب، خود پسندی، مال حرام سے پرہیز اور بداخلاقی سے بچنا بھی تقویٰ ہے۔ باریک سے باریک گناہ خدا تعالیٰ سے ڈر کر جو چھوڑے گا' خدا تعالیٰ ہر ایک مشکل سے اسے نجات دے گا۔ حضور انور نے فرمایا کہ ایک مومن کا کام ہے کہ ان برائیوں سے بچے تبھی وہ ان لوگوں کے زمرے میں شمار ہوگا جو تقویٰ پر قدم مارنے والے ہیں۔ حضور انور نے ان احباب کو توجہ دلائی جو مغربی ممالک میں حکومت سے سوشل مدد لیتے ہیں اور ساتھ کاروبار یا ملازمت بھی کر رہے ہوتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ یہ بات تقویٰ سے بعید ہے بلکہ وہ جرم اور جھوٹ کے مرتکب ہو رہے ہوتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ جب انسان خدا پر سے بھروسہ چھوڑتا ہے تو دہریت کی رگ اس میں پیدا ہو جاتی ہے۔ خدا تعالیٰ پر بھروسہ اور ایمان اسی کا ہوتا ہے جو اسے ہر بات پر قادر جانتا ہے۔ پس ان معیاروں کو حاصل کرنے کی ہمیں کوشش کرنی چاہئے جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتائے ہیں اور جن کی بار بار حضرت مسیح موعود نے ہمیں تلقین فرمائی ہے۔ اگر اس حقیقت کو ہر ایک سمجھ لے کہ اللہ تعالیٰ نے رزق پہنچانا اپنے ذمہ لیا ہے تو حقیقی رنگ میں اس کی عبادت کی طرف توجہ رہے گی اور پھر حقیقی رنگ میں ہم اس کے عبد بنتے رہیں گے اور ہمارے اندر قناعت بھی پیدا ہوگی۔ پس دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو ہر قسم کی لالچ سے بچائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میری راہ میں مال خرچ کرنا ہے تو اس میں سے خرچ کرو جو پاک ہے مگر جو مال غلط بیانی سے کمایا ہو وہ پاکیزہ نہیں ہو سکتا۔ اللہ تعالیٰ کو پاک کمائی میں سے مال دیں اور پھر اللہ تعالیٰ اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ یہ روپیہ برکت والا ہوگا اور دینے والے کے مال میں اضافے کا باعث بنے گا۔ پس ہر احمدی کو خیال رکھنا چاہئے کہ اس کا کمایا ہوا مال پاک ہو اور پاک مال ہی خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرے۔

حضور انور نے پاکستان اور انڈونیشیا سمیت تمام احمدیوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ صبر، حوصلے اور دعا سے کام لیں۔ ایک صدی سے زائد عرصے سے جماعت کی مخالفت کے باوجود جماعت کے لئے ترقی کی نئی سے نئی راہیں کھلتی چلی گئیں۔ اس رازق خدا نے جماعت کے لئے رزق کے نئے سے نئے راستے اور باب کھولے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر لحاظ سے ہمارے لئے اپنا رزاق ہونا اور تمام قوتوں اور طاقتوں کا مالک ہونا ظاہر فرمایا ہے۔ پس ہم تو اس خدا کی عبادت کرنے والے اور اس سے رزق مانگنے والے ہیں اور اس سے ڈرنے والے ہیں۔ بہرحال تمام دنیا کے احمدی بھی اپنے پاکستانی اور انڈونیشین احمدی بھائیوں کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کے لئے آسانیاں پیدا فرمائے اور ان کی مشکلات دور فرمائے۔

حضور انور نے ایک اور دعا کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ اس ہفتے میں امریکہ اور کینیڈا کے سفر پر جا رہا ہوں۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ سفر ہر طرح اپنی تائید و نصرت کے نظارے دکھاتے ہوئے بہتر فرمائے اور یہ سفر جماعت کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت ہو اور اللہ تعالیٰ ان تمام مقاصد کا حصول آسان فرمائے جن کے لئے یہ سفر اختیار کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان ملکوں کے احمدیوں میں ترقی کرنے کی ایک نئی روح پیدا فرمائے اور ساری دنیا کے احمدیوں میں یہ نئی روح پیدا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ سفر میں راستے کی جو کوئی بھی مشکل ہے اس کو بھی آسان فرمائے۔ آمین

حضور انور کا دورہ امریکہ و کینیڈا اور دعاؤں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خدا تعالیٰ کے فضل سے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے سلسلے میں دورہ پر امریکہ و کینیڈا تشریف لے جا رہے ہیں۔ حضور انور نے خطبہ جمعہ فرمودہ 13 جون 2008ء میں اپنے دورہ کی کامیابی کے لئے دعاؤں کی تحریک فرمائی۔ حضور انور نے فرمایا:۔

''دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ سفر ہر طرح اپنی تائید و نصرت کے نظارے دکھاتے ہوئے بہتر فرمائے اور یہ سفر جماعت کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت ہو اور اللہ تعالیٰ ان تمام مقاصد کا حصول آسان بنائے جن کے لئے یہ سفر اختیار کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان ملکوں کے احمدیوں میں ترقی کرنے کی ایک نئی روح پیدا فرمائے ...... اللہ تعالیٰ سفر میں راستے کی جو بھی کوئی مشکل ہے اس کو بھی آسان فرمائے۔

احباب جماعت اپنے جان سے پیارے آقا کو ہمہ وقت اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ حضور انور کا یہ سفر ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب بنائے نیز ہر قسم کی دینی ترقیات سے نوازے۔ (آمین)۔ اس موقع پر امریکہ سے حضور کے پروگراموں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

جلسہ سالانہ امریکہ کے موقع پر Live پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

☆20 جون بروز جمعۃ المبارک

لائیو نشریات کا آغاز 11:00 بجے رات

☆خطبہ جمعہ حضور انور (پنسلوانیا سے Live) 12:00 رات

☆21 جون بروز ہفتہ

خطبہ جمعہ حضور انور 10:25 صبح (نشر مکرر)

نیز حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ دوپہر 2:30 بجے بھی نشر ہوگا۔

Live نشریات کا آغاز 8:45 شام

اس دوران حضور انور کا خطاب بھی نشر ہوگا۔

☆22 جون بروز اتوار

لائیو نشریات کا آغاز 9:00 بجے رات

اسی دوران حضور انور کا اختتامی خطاب بھی نشر ہوگا۔

احباب جماعت سے بھرپور استفادہ کی درخواست ہے۔

(نظارت اشاعت)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

سوانح حضرت مسیح موعود (سوال و جواب کی شکل میں) نمبر 6

سوال: حضور نے والی کابل امیر عبدالرحمٰن کے نام خط کب لکھا۔
جواب: 1896ء میں۔
سوال: حق کو چھپانے کی وجہ سے عبداللہ آتھم کی ہلاکت کب ہوئی۔
جواب: 27 جولائی 1896ء کو۔
سوال: جلسہ اعظم مذاہب کب اور کہاں منعقد ہوا اور اس میں حضور کا مضمون کب پڑھا گیا۔
جواب: 26 تا 29 دسمبر 1896ء۔ یہ جلسہ لاہور میں منعقد ہوا اور 29,28 دسمبر کو حضور کا مضمون پڑھ کر سنایا گیا۔
سوال: جلسہ اعظم مذاہب میں حضور کا مضمون پڑھنے پر کونسا نشان ظاہر ہوا۔
جواب: ’’مضمون بالا رہا‘‘۔
سوال: اسلامی اصول کی فلاسفی کی تصنیف و اشاعت کب ہوئی۔
جواب: دسمبر 1896ء میں۔
سوال: طاعون کا آغاز کب ہوا۔
جواب: دسمبر 1896ء میں۔
سوال: ’’الاشتِهَار مُستَيقِنًا بِوَحيِ اللّٰهِ القَهَّار‘‘ کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: 14 جنوری 1897ء کو۔
سوال: حضور نے اس اشتہار میں عیسائیوں کو کتنے دنوں کے نشان نمائی کے روحانی مقابلے کا چیلنج دیا۔
جواب: چالیس دنوں کا۔
سوال: حضور کی کتاب انجام آتھم کی اشاعت کب ہوئی اور اس میں کتنے متبعین کے نام درج ہیں۔
جواب: 22 جنوری 1897ء کو اشاعت ہوئی اور اس میں 313 متبعین کے نام درج ہیں۔
سوال: حضرت مسیح موعود کی صاحبزادی حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی ولادت اور وفات کب ہوئی۔
جواب: ولادت: 2 مارچ 1897ء۔ وفات: 23 مئی 1977ء۔
سوال: حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی شادی کن سے ہوئی۔
جواب: حضرت نواب محمد علی خان صاحب سے۔
سوال: حضور کی پیشگوئی کے مطابق لیکھرام کی ہلاکت کب ہوئی۔
جواب: 6 مارچ 1897ء کو۔
سوال: حضور نے ’’خدا کی لعنت اور کسر صلیب‘‘ کے عنوان سے اشتہار کب شائع فرمایا۔
جواب: 6 مارچ 1897ء کو۔
سوال: لیکھرام کے قتل کے سلسلہ میں حضور کے گھر کی تلاشی کب لی گئی۔
جواب: 8 ؍اپریل 1897ء کو۔
سوال: حضور کی کتاب ’’سراج منیر‘‘ کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: اپریل 1897ء میں۔
سوال: سلطان ترکی کے نائب سفیر قادیان کب آئے اور حضور نے ترکی کے بارے میں کیا پیشگوئی فرمائی۔
جواب: 10 مئی 1897ء کو نائب سفیر ’’حسین کامی‘‘ قادیان میں آئے اور حضور نے ترکی میں انقلاب کی پیشگوئی فرمائی۔
سوال: حضور کی کتاب ’’استفتاء‘‘ کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: 12 مئی 1897ء میں۔
سوال: حضور کی کتاب ’’حجۃ اللہ‘‘ کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: مئی 1897ء میں۔
سوال: حضور کی کتاب ’’تحفہ قیصریہ‘‘ کی اشاعت کب ہوئی اور اس میں حضور نے کس شخصیت کو پیغام حق پہنچایا۔
جواب: مئی 1897ء میں اشاعت ہوئی اور اس میں حضور نے ’’ملکہ وکٹوریہ‘‘ کو پیغام حق پہنچایا۔
سوال: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب (مصلح موعود) کے ختم قرآن کے موقع پر تقریب کب منعقد ہوئی اور اس میں حضور نے کس عنوان سے نظم لکھی۔
جواب: 7 جون 1897ء کو تقریب منعقد ہوئی اور حضور نے ’’محمود کی آمین‘‘ کے عنوان سے نظم لکھی۔
سوال: قادیان میں جلسہ احباب کب منعقد ہوا۔
جواب: 21,20 جون 1897ء کو۔

مکرم نذیر احمد خادم صاحب

خدا تعالیٰ کی رحمتوں، نصرتوں اور فضلوں کی برسات

خلافت احمدیہ سے عہد وفا کو ہمیشہ یاد رکھیں اور اس پر کاربند رہیں

خلافت احمدیہ کے قیام پر سو سال (1908-2008ء) پورے ہونے کے مبارک اور تاریخ ساز موقع پر روزنامہ الفضل کو نہایت خوبصورت، تاریخی تصاویر سے مزین اور محبت وعقیدت کو بڑھانے والی نظموں اور خلافت حقہ کی عظمت و اہمیت اور برکات کا عرفان پیدا کرنے والے مضامین پر مشتمل خصوصی اشاعت منظر عام پر لانے کی سعادت حاصل ہوئی ہے جس کے لئے ادارہ الفضل مبارک باد کا مستحق ہے۔

اس اشاعت خاص کو چار چاند لگانے والا وہ خصوصی پیغام ہے جو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ کمال شفقت عطا فرمایا ہے اور جسے الفضل نے شایان شان طور پر شائع کرنے کی سعادت پائی ہے۔ اس پیغام بلاغت نظام کا لفظ لفظ اور سطر سطر حلاوت ایمان کو بڑھانے اور قلب و روح کو چمکانے والی ہے۔ کتنے خوش نصیب ہیں ہم موجودہ نسل کے احمدی کہ ہم نے محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنی زندگیوں میں خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کی تکمیل اور مسیح موعود کے بعد پانچویں خلافت کا ظہور دیکھا۔ اس عظیم الشان اور فقید المثال انعام الٰہی پر ہمارے دل اپنے رب رحمان ومنان کی حمد وثنا اور شکر سے معمور ہیں۔

حمد وثنا اسی کو جو ذات جاودانی
ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی نہ کوئی ثانی
اک زماں کے بعد اب آئی ہے یہ ٹھنڈی ہوا
پھر خدا جانے کہ کب آویں یہ دن اور یہ بہار

اس موقع پر خاکسار اپنی اس خوشی میں بھی محترم و مکرم قارئین الفضل کو شامل کرنا چاہتا ہے کہ خلافت احمدیہ پر دوسری صدی کا آفتاب عالمتاب کس شان سے طلوع ہوا کہ ہمارے محبوب امام حضرت مرزا مسرور احمد نصرہ اللہ نصراً عزیزاً نے ایم ٹی اے کے ذریعہ روئے زمین پر بسنے والے کروڑوں فرزندان احمدیت اور شمع خلافت کے پروانوں کو اپنے عہد آفرین اور تاریخی خطاب سے نوازا۔ جس کے دوران اہل وفائے قادیان و ربوہ و لندن کے فلک شگاف نعرہ ہائے تکبیر و تحمید و تشکر کی مبارک صدائیں عرش الٰہی کو چومتی رہیں اور اس سے ذرا پہلے ماضی قریب میں خدا کی رحمتوں، نصرتوں اور فضلوں کی وہ برسات جو محبوب امام ہمام کے افریقہ کے تین ملکوں گھانا، بینن اور نائیجیریا کے دورہ کے دوران چشم فلک نے دیکھی۔ خدا کے پیارے کی شان محبوبیت و مقبولیت کے وہ روح پرور اور وجد آفرین نظارے یہ کائنات کبھی فراموش نہ کر سکے گی۔ ہم کس زبان سے اپنے محسن ومہربان رب کریم کا شکر ادا کریں کہ حضرت مسیح موعود کی پہلی، دوسری، تیسری، چوتھی اور اب پانچویں خلافت کے دوران بے شمار آندھیوں اور طوفانوں کے باوجود خدائے قادر وتوانا اور رب ذوالجلال والاکرام اپنی اس جماعت کو ترقیات پر ترقیات اور فتوحات نمایاں عطا کرتا چلا آ رہا ہے۔ واللہ خدا کی خدائی نے تائید ربانی اور حق کی حمایت کی جو موسلا دھار بارش اب دیکھی ہے وہ انشاء اللہ ہماری آنے والی نسلیں صدی در صدی خلافت کے پرچم تلے تاقیامت دیکھتی چلی جائیں گی اللہ تعالیٰ کے اس فضل کو حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے درج ذیل ارشاد پر ہمیشہ صدق دل سے عمل پیرا رہیں کہ:۔

’’آپ میں سے ہر ایک کا فرض ہے کہ دعاؤں پر بہت زور دیں اور اپنے آپ کو خلافت سے وابستہ رکھے اور یہ نکتہ ہمیشہ یاد رکھے کہ اس کی ساری ترقیات اور کامیابیوں کا راز خلافت سے وابستگی میں ہی ہے۔ وہی شخص سلسلے کا مفید وجود بن سکتا ہے جو اپنے آپ کو امام سے وابستہ رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص امام کے ساتھ اپنے آپ کو وابستہ نہ رکھے تو خواہ دنیا بھر کے علوم جانتا ہو اس کی کوئی بھی حیثیت نہیں۔ جب تک آپ کی عقلیں اور تدبیریں خلافت کے ماتحت رہیں گی اور آپ اپنے امام کے پیچھے پیچھے اس کے اشاروں پر چلتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد اور نصرت آپ کو حاصل رہے گی۔‘‘

(الفضل 30 مئی 2003ء)

نمایاں اعزاز

❁ مکرم چوہدری محمد اسلم صاحب ایس ڈی او (ر) دارالنصر غربی اقبال ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم عمر خیام صاحب ولد مکرم مبشر احمد خان صاحب آف گلشن جمال کراچی نے سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی سے بی ایس سی الیکٹرونکس انجینئرنگ کے فائنل امتحان منعقدہ 2007ء میں فرسٹ پوزیشن حاصل کی ہے اور گولڈ میڈل حاصل کیا ہے اسی طرح math میں اعلیٰ نمبر لئے ہیں اور گولڈ میڈل حاصل کیا ہے۔ آپ مکرم بابو عبدالرحمٰن خان صاحب مدینہ کالونی والٹن لاہور کے پوتے ہیں اور خاکسار کے نواسے ہیں۔ احباب کرام سے درخوست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کی کامیابی کو سلسلہ احمدیہ کیلئے مبارک کرے اور مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خطبہ جمعہ

ہر احمدی باقاعدہ نمازیں پڑھنے والا ہو اور ہونا چاہئے اور اس کی نمازیں ایسی نہ ہوں جو سر سے بوجھ اتارنے والی ہوں بلکہ ایک فرض سمجھ کر ادا کی جائیں جس کے بغیر زندگی بے کار رہے

خلافت کے انعام سے فائدہ اٹھانے کے لئے قیام نماز سب سے پہلی شرط ہے

خلافت کا یہ سلسلہ تو ہمیشہ رہنے والا ہے لیکن اس سے فائدہ وہی حاصل کریں گے جو خدا تعالیٰ سے اپنی عبادتوں کی وجہ سے زندہ تعلق جوڑیں گے

عبادت میں اپنا تعلق اللہ تعالیٰ سے جوڑنے کے ساتھ تمہارے پر یہ بھی فرض ہے کہ مالی قربانی بھی کرو

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مالی قربانیوں میں گھانا کی جماعت بڑی تیزی سے قدم آگے بڑھا رہی ہے

خلافت احمدیہ کے 100سال پورے ہونے پر ہر احمدی یہ عہد کرے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کو سب سے اوّل رکھے گا

خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 18/اپریل 2008ء بمطابق 18/شہادت 1387 ہجری شمسی برموقع جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ گھانا۔ بمقام باغ احمد۔ گھانا

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

کل جلسہ سالانہ کی افتتاحی تقریر میں مَیں نے عبادت کی طرف توجہ دلائی تھی اور عبادت کا بہترین ذریعہ اللہ تعالیٰ نے ایک (۔) کو روزانہ پانچ نمازوں کی ادائیگی بتایا ہے اور اس بارہ میں خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں بے شمار جگہ حکم فرمایا ہے بلکہ قرآن کریم کی ابتداء میں ہی یہ بتا دیا کہ ایک متقی کی نشانی اللہ تعالیٰ پر ایمان کے بعد یہ ہے کہ وہ باقاعدہ نماز کا حق ادا کرنے والا ہو۔ اور نماز کا حق ادا کرنا کیا ہے؟ نماز کا حق یہ ہے کہ اس کے مقررہ اوقات پر ادا کی جائے یعنی جہاں (۔) یا نماز سنٹرز ہوں وہاں جا کر باجماعت نماز کی ادا کی جائے۔ کسی دنیاوی کام کو کرنے کے لئے نمازوں کو جمع کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ عورتیں جن کو کوئی شرعی عذر نہ ہو گھر میں باقاعدہ نماز ادا کریں۔ عورتوں کے لئے نماز معاف نہیں ہے۔ پس ایک (۔) کے حقیقی مومن کہلانے کے لئے نماز ایک انتہائی بنیادی حکم ہے۔

ایک حدیث میں آتا ہے کہ نماز عبادت کا مغز ہے پس اس مغز کو حاصل کرنا ایک مومن کا مطمح نظر ہونا چاہئے۔ ان جلسے کے دنوں میں مَیں دیکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے نمازوں کا بڑا خیال رکھا جاتا ہے۔ مرد، عورتیں، بچے، بچیاں سب نماز کے لئے بڑی تعداد میں آ رہے ہوتے ہیں۔ یہ عادت جو آپ کو اس ٹریننگ کیمپ میں پڑ رہی ہے اسے ہمیشہ جاری رکھیں۔ یہ نہ ہو کہ جب آپ گھروں کو واپس جائیں تو وہ سب کچھ بھول جائیں جو آپ نے یہاں سیکھا تھا جس میں نمازوں کی طرف توجہ بھی تھی۔ گھر کے کاموں میں، اپنی تجارتوں میں یا کھیل کود میں مشغول ہو کر اپنے اس پیدائش کے مقصد کو کہیں بھول نہ جائیں۔

جیسا کہ مَیں نے کل بتایا تھا کہ انسان کے اس دنیا میں آنے کا یہی مقصد قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتایا ہے اور حضرت مسیح موعود نے بھی اپنی بعثت کا بہت بڑا مقصد یہی بتایا ہے کہ بندے اور خدا میں ایک زندہ تعلق قائم کیا جائے۔ پس ہر احمدی باقاعدہ نمازیں پڑھنے والا ہو اور ہونا چاہئے اور اس کی نمازیں ایسی نہ ہوں جو سر سے بوجھ اتارنے والی ہوں بلکہ ایک فرض سمجھ کر ادا کی جائیں جس کے بغیر زندگی بے کار رہے۔

ہمیشہ یاد رکھیں کہ ہم جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ پوری دنیا کو احمدیت کی آغوش میں لے آئیں گے تو ہمیں پتہ ہونا چاہئے کہ احمدیت کیا ہے۔ احمدیت اصل میں قرآن کریم کی تعلیم کے مطابق خدا تعالیٰ جو واحد و یگانہ ہے اس کی حکومت لوگوں کے دلوں پر قائم کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ کی حکومت دلوں پر اس وقت قائم ہوتی ہے جب اللہ تعالیٰ کی ذات کو ہر زمینی و آسمانی چیز سے بالا سمجھا جائے اور اس کی ہستی کو سب چیزوں سے بالا سمجھتے ہوئے حقیقی رنگ میں اس کے بتائے ہوئے طریق کے مطابق عبادت کی جائے۔

پس اگر حضرت مسیح موعود کو ماننے کے بعد ہم نے اپنے اندر ایک انقلابی تبدیلی پیدا کرتے ہوئے اپنے تعلق کو اُس زندہ اور ہمیشہ قائم رہنے والے خدا سے نہ جوڑا تو ہمارا یہ دعویٰ بے معنی ہے۔ ہماری یہ بات غلط ہوگی کہ ہم اپنی (۔) کو ہر شخص تک پہنچا کر اس کو خدا تعالیٰ کے قریب لے کر آئیں گے۔............

یہاں اس وقت افریقہ کے مختلف ملکوں کی جماعتوں کی نمائندگی ہے، برکینا فاسو ہے، آئیوری کوسٹ ہے، لائبیریا ہے، گیمبیا ہے، گنی کوناکری ہے، کانگو ہے، اَور کئی ملک ہیں۔ ہر ملک میں جماعت کی تعداد ایسی نہیں کہ ہم کہہ سکیں کہ ہم تعداد اور مالی وسائل کے لحاظ سے اتنی صلاحیت رکھتے ہیں کہ ان وسائل کی وجہ سے ہم اپنے ملکوں اور دنیا میں (۔) کا جھنڈا گاڑ دیں۔ ہاں ہمارے ساتھ ایک طاقت ہے جو تمام انبیاء کو بھیجتی ہے۔ اس ہستی کی مدد ہمارے ساتھ ہے جو زمین و آسمان کا مالک ہے، جس نے تمام انبیاء کو اسی طرح حضرت مسیح موعود کو بھی .... بھیجا ہے جن کے سپرد یہ کام کیا گیا ہے کہ (۔) کی جس خوبصورت تعلیم کو (۔) بھلا بیٹھے ہیں اسے حقیقی رنگ میں دنیا کے سامنے پیش کرو تا کہ دنیا بھی (۔) کی خوبصورت تعلیم کے حسن سے آشنا ہو اور خدائے واحد و یگانہ کی عبادت کرنے والی بنے۔ ہم احمدی جو اتنے بڑے دعویٰ کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں تو ہمارا سب سے پہلا فرض بنتا ہے کہ اس خدا کے آگے جھکنے والے بنیں، اس سے دعائیں کریں۔ اور دعائیں کرنے کا سب سے بہترین ذریعہ نمازیں ہیں اور یہ نمازیں اور دعائیں ہی ہیں جو ہمیں کامیابی سے

ہمکنار کر رہی ہیں۔ ورنہ جیسا کہ مَیں نے کہا ہمارے پاس دنیاوی لحاظ سے تو کوئی ایسی طاقت نہیں کہ ہم کہہ سکیں کہ ہم دنیا کو فتح کرلیں گے اور نہ کبھی دین، دولت اور طاقت سے دنیا میں پھیلا ہے۔

اسلام پر اعتراض کرنے والے یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اسلام نعوذ باللہ تلوار سے پھیلا ہے جو بالکل غلط اور جھوٹا الزام ہے۔ کون سی دنیاوی طاقت تھی جنگ اُحد میں، جنگ بدر میں، جنگ احزاب میں جس نے مدد کی۔ نہ لڑنے کا پورا اسلحہ تھا، نہ کھانے کے لئے کوئی خوراک تھی لیکن جس طاقت نے جتایا وہ آنحضرتﷺ کی دعائیں تھیں۔ آنحضرتﷺ کی وہ دعائیں ہی تھیں، جن کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمایا اور فتح عطا فرمائی اور پھر آنحضرتﷺ کی قوت قدسی کی وجہ سے صحابہ کا اللہ تعالیٰ سے تعلق تھا جس نے ان کے ایمانوں کو مضبوط کیا۔ پس یہ اس فانی فی اللہ کی دعائیں ہی تھیں جس نے دنیا میں ایک انقلاب برپا کر دیا۔ یہ اُسوہ آنحضرتﷺ نے ہمارے سامنے قائم فرما دیا کہ اسلام کی فتح کسی طاقت سے نہیں بلکہ دعاؤں سے ہونی ہے اور ہوئی ہے۔ طاقت سے ملک تو فتح ہو جاتے ہیں دل نہیں جیتے جاتے۔

پس آپ نے اپنے ہم قوموں کے دل جیتنے ہیں تا کہ انہیں خدا تعالیٰ کے حضور پیش کر سکیں اور اس کے لئے سب سے پہلے اپنے آپ کو اس قابل بنانا ہوگا کہ اپنی نمازوں اور عبادتوں کی حفاظت کریں۔

یہ سال جس میں جماعت، خلافت کے 100 سال پورے ہونے پر جوبلی منا رہی ہے، یہ جو بلی کیا ہے؟ کیا صرف اس بات پر خوش ہو جانا کہ ہم جوبلی کا جلسہ کر رہے ہیں یا مختلف ذیلی تنظیموں نے اپنے پروگرام بنائے ہیں، یا کچھ سوونیئر زبنا لئے گئے ہیں۔ یہ تو صرف ایک چھوٹا سا اظہار ہے۔ اس کا مقصد تو ہم تب حاصل کریں گے، جب ہم یہ عہد کریں کہ اس 100 سال پورے ہونے پر ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ اس نعمت پر جو خلافت کی شکل میں اللہ تعالیٰ نے ہم پر اتاری ہے، ہم شکرانے کے طور پر اپنے خدا سے اور زیادہ قریبی تعلق پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ اپنی نمازوں اور اپنی عبادتوں کی حفاظت پہلے سے زیادہ بڑھ کر کریں گے اور یہی شکرانِ نعمت اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو مزید بڑھانے والا ہوگا۔

قرآن کریم میں جہاں مومنوں سے خلافت کے وعدے کا ذکر ہے۔ اس سے اگلی آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (النور:57) اور تم سب نمازوں کو قائم کرو، زکوٰۃ دو اور اس رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ پس یہ بات ثابت کرتی ہے کہ خلافت کے انعام سے فائدہ اٹھانے کے لئے قیام نماز سب سے پہلی شرط ہے۔ پس مَیں جو یہ اس قدر زور دے رہا ہوں کہ ہر احمدی، مرد، جوان، بچہ، عورت اپنی نمازوں کی طرف توجہ دے تو اس لئے کہ انعام جو آپ کو ملا ہے اس سے زیادہ سے زیادہ آپ فائدہ اٹھا سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود سے یہ وعدہ کیا ہے اور......... پیشگوئیوں کے مطابق خلافت کا یہ سلسلہ تو ہمیشہ رہنے والا ہے لیکن اس سے فائدہ وہی حاصل کریں گے جو خدا تعالیٰ سے اپنی عبادتوں کی وجہ سے زندہ تعلق جوڑیں گے۔ پھر یہ جو آیت مَیں نے پڑھی ہے اس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ نماز قائم کرنے کے ساتھ، عبادت میں اپنا تعلق اللہ تعالیٰ سے جوڑنے کے ساتھ تمہارے پر یہ بھی فرض ہے کہ مالی قربانی بھی کرو۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مالی قربانیوں میں گھانا کی جماعت بڑی تیزی سے قدم آگے بڑھا رہی ہے۔ یاددہانی کی ضرورت تو پڑتی رہتی ہے اور جب بھی یاددہانی کروائی گئی اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑا اچھا ردّعمل ہوا۔ لیکن نوجوانوں اور نئے آنے والے نومبائعین کو ان کی تربیت کے لئے مَیں بتانا چاہتا ہوں کہ جماعت میں مالی قربانی کا نظام اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق اپنے نفس کی اصلاح کے لئے ہے۔ قرآن کریم میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی مالی قربانی کا ذکر ہے تا کہ اصلاح نفس ہو سکے۔ خدا تعالیٰ کی خاطر وہی قربانی دے سکتا ہے جس کو خدا تعالیٰ کی ذات پر یقین ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کی کوئی نیکی، اس کا کوئی عمل جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے کیا جائے ضائع نہیں کرتا۔

مَیں اللہ تعالیٰ کا بڑا شکر ادا کرتا ہوں اور آپ کو بھی کرنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ گھانا کو یہ توفیق عطا فرمائی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے مالی قربانی کرتی ہے۔ بعض مخلص اور صاحب حیثیت احمدیوں نے بڑی بڑی (۔) تعمیر کی ہیں۔ ایک دنیادار تو جب اس کے پاس دولت آ جائے اپنے مکان بنانے یا فضولیات میں رقم خرچ کرنے کی طرف توجہ کرتا ہے۔ لیکن آج حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے قادیان سے ہزاروں میل دُور بیٹھے ہوئے ایسے مخلصین عطا کئے ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی خاطر مالی قربانی کرنے کے لئے کھولا ہے۔ پس نئے شامل ہونے والے نومبائعین بھی اور نوجوان بھی ہمیشہ یاد رکھیں کہ مالی قربانی اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق اللہ تعالیٰ کے حکموں میں سے ایک حکم ہے اور خلافت کے انعام کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اسے خاص طور پر بیان فرمایا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم اللہ تعالیٰ کے رحم کے مستحق ٹھہرو۔ رسول کا حکم وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کئی جگہ اَطِیْعُوا اللّٰہَ .... کہہ کر ذکر فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ پاک معاشرے کے قیام کے لئے میری عبادت کے بعد ان تمام باتوں پر عمل کرو جو مَیں نے تمہیں قرآن کریم میں بیان کی ہیں۔ پھر اَطِیْعُوا اللّٰہَ......... میں یہ بات بھی ہے کہ جو مسیح و مہدی آنے والا ہے ....وہ حکَم اور عدل ہوگا۔ وہ جن باتوں کا تمہیں حکم دے وہ یقیناً عدل پر قائم رہتے ہوئے حکم دے گا۔ اس کا حکم یقیناً حکمت لئے ہوئے ہوگا۔ اس لئے اُس کی باتوں کو سرسری نظر سے نہ دیکھنا۔

اللہ تعالیٰ کے حکموں میں سے حضرت مسیح موعود نے جن کو کھول کر ہمیں بیان فرمایا ان میں سے اس وقت مَیں ایک کے حوالے سے بات کروں گا اور وہ بات ہے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کے حوالے سے۔ حضرت مسیح موعود نے ہمیں اس بات پہ خاص طور پر توجہ دلائی ہے کہ احمدی لڑکیاں احمدی لڑکوں سے شادی کریں تا کہ آئندہ نسلیں احمدیت پر قائم رہیں۔ جب بچوں کے دو کشتیوں میں پاؤں ہوں تو بچے کو سمجھ نہیں آتی کہ وہ کیا کرے۔ کیونکہ عموماً باپوں کا اثر زیادہ ہوتا ہے اگر باپ احمدی نہیں ہے تو باوجود ماں کے احمدی ہونے کے بچے بعض دفعہ احمدی نہیں رہتا۔ بلکہ بعض دفعہ دونوں کے دو مختلف مذہب ہونے کی وجہ سے بچہ مذہب سے ہی دُور چلا جاتا ہے۔ اسی طرح احمدی لڑکوں کو بھی چاہئے کہ احمدی لڑکیوں سے شادی کریں جن کو ایک تو وہ غیروں سے شادی کر کے احمدی لڑکی کو اس کے حق سے محروم کرتے ہیں۔ دوسرے پھر یہاں وہی دو عملی کی صورت پیدا ہو جائے گی اور بچے متاثر ہوں گے۔

پس اگر آپ نے اس ایمان پر اپنے بچوں کو قائم رکھنا ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیا ہے تو پھر صرف اپنی پسند کو نہ دیکھیں بلکہ دین کو دیکھیں۔ مجھے کئی لڑکیاں خط لکھتی ہیں یہاں بھی اور دوسرے افریقن ملکوں سے بھی کہ گو کہ ہماری پسند کا رشتہ تو غیروں میں ہے لیکن آپ بتائیں کہ ہم اس سے شادی کر سکتی ہیں کہ نہیں۔ ان بچیوں کا یہ پوچھنا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ انہیں اپنا دین اپنی پسند سے زیادہ پیارا ہے۔

پس ہمیشہ یاد رکھیں کہ جب تک آپ اس بات کو پلّے باندھے رکھیں گی کہ دین کو دنیا پر مقدم رکھنا ہے اس وقت تک آپ اللہ تعالیٰ کے انعاموں سے فیض پاتی رہیں گی اور اسی طرح لڑکے بھی فیض پاتے رہیں گے اور اللہ تعالیٰ کے انعاموں کے وارث بنتے رہیں گے۔ پس خلافت احمدیہ کے 100 سال پورے ہونے پر ہر احمدی یہ عہد کرے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کو سب سے اوّل رکھے گا۔ اس کی عبادت اور اس کے احکامات پر عمل کرنے کی حتی المقدور کوشش کرے گا۔ حضرت مسیح موعود سے کئے ہوئے عہد بیعت کو ہمیشہ نبھانے کی کوشش کرے گا۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

’’سو اے وے تمام لوگو! جو اپنے تئیں میری جماعت شمار کرتے ہو آسمان پر تم اس وقت میری جماعت شمار کئے جاؤ گے جب سچ مچ تقویٰ کی راہوں پر قدم مارو گے۔ سو اپنی پنجوقتہ نمازوں کو ایسے خوف اور حضور سے ادا کرو کہ گویا تم خدا تعالیٰ کو دیکھتے ہو۔ اپنے روزوں کو خدا کے لئے صدق کے

ساتھ پورے کرو۔ ہر ایک جو زکوٰۃ کے لائق ہے زکوٰۃ دے اور جس پر حج فرض ہو چکا ہے اور کوئی مانع نہیں وہ حج کرے۔ نیکی کو سنوار کر ادا کرو اور بدی کو بیزار ہو کر ترک کرو۔ یقیناً یاد رکھو کہ کوئی عمل خدا تک نہیں پہنچ سکتا جو تقویٰ سے خالی ہے''۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 15 مطبوعہ لندن)

پھر آپ فرماتے ہیں: ''خوش ہو اور خوشی سے اچھلو کہ خدا تمہارے ساتھ ہے۔ اگر تم صدق اور ایمان پر قائم رہو گے تو فرشتے تمہیں تعلیم دیں گے اور آسمانی سکینت تم پر اترے گی اور رُوح القدس سے مدد دیئے جاؤ گے اور خدا ہر ایک قدم میں تمہارے ساتھ ہوگا اور کوئی تم پر غالب نہیں ہو سکے گا''۔

(تذکرۃ الشہادتین۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 68 مطبوعہ لندن)

اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیں ایمان پر قائم رکھے۔ اپنی عبادت کرنے والا بنائے رکھے۔ اپنے فضلوں سے ہمیں نوازتا رہے اور ہم ہمیشہ اس کے انعاموں کے وارث بنتے چلے جائیں۔

(نوٹ: حضور انور کے خطبہ کے دوران ساتھ ساتھ دو زبانوں میں رواں ترجمہ بھی پیش کیا جاتا رہا۔ مکرم عبدالوہاب بن آدم صاحب امیر و مشنری انچارج کو مقامی غانین زبان میں جبکہ مکرم عبدالرشید انور صاحب مربی سلسلہ آئیوری کوسٹ کو فرانسیسی زبان میں ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی)

مکرم نصر احمد طاہر صاحب

فونوگراف، گراموفون اور ٹیپ ریکارڈر کی ایجاد

انیسویں صدی کے نصف اول میں اگر یہ دعویٰ کیا جاتا کہ ہم کچھ عرصہ بعد دوسری چیزوں کی طرح آواز کو بھی محفوظ کرنا سیکھ لیں گے اور کسی شخص کی آواز محض ہوا میں تحلیل نہیں ہو جایا کرے گی بلکہ اس کو محفوظ کرنے کے بعد جب ہم چاہیں گے اسی لب و لہجے کے ساتھ دوبارہ سن سکیں گے گویا جس طرح الفاظ کو لکھ لیا جاتا ہے اسی طرح آواز کو پورے صوتی آہنگ کے ساتھ لکھا جا سکے گا تو اس پر کوئی بھی یقین نہ کرتا اور اس دعویٰ کو محض دیوانگی کی علامت سمجھا جاتا لیکن ابھی انیسویں صدی ختم نہیں ہوئی تھی بلکہ اس کی ساتویں دہائی شروع تھی کہ نامور موجد تھامس الوا ایڈیسن نے یہ عظیم کارنامہ انجام دے دیا۔

فونوگراف

اس وقت یہ ایجاد انتہائی سادہ حالت میں تھی اب تو یہ بہت ارتقائی منازل طے کر چکی ہے اور اس وقت یہ زندگی کا اہم جزو بن چکی ہے اسی کی بدولت آج ہم ایک عرصہ گزرنے کے باوجود حضرت مصلح موعود کی مبارک آواز سننے کی سعادت حاصل کر سکتے ہیں۔ کاش ہم حضرت مسیح موعود کی آواز بھی سن سکتے۔ حضرت مسیح موعود ایک شعر میں فرماتے ہیں۔

آواز آ رہی ہے یہ فونوگراف سے
ڈھونڈو خدا کو دل سے نہ لاف و گزاف سے

سوال یہ ہے کہ یہ حیران کن ایجاد کیسے ممکن ہو سکی؟ بیان کیا جاتا ہے کہ ایڈیسن اپنے معاون کے ساتھ کسی بحث میں الجھا ہوا تھا کہ اچانک اسے احساس ہوا کہ اس کی آواز کے نتیجے میں اس کی قریب پڑی ہوئی سوئی میں جنبش پیدا ہوئی ہے۔ ایڈیسن (ایک بہترین قوت مشاہدہ رکھنے والا انسان) سوئی کی اس حرکت کو ہرگز نظر انداز نہیں کر سکتا تھا۔ اس واقعہ پر مزید غور کرنے پر اسے اندازہ ہوا کہ آواز سے سوئی کو باضابطہ حرکت بھی دی جا سکتی ہے اور آواز کی لہروں میں یاد رہے آواز لہروں کی صورت میں حرکت کرتی ہے۔ اس طرح جس طرح تالاب میں پتھر پھینکا جائے تو لہریں پیدا ہوتی ہیں اسی طرح آواز سے ہوا میں لہریں پیدا ہوتی ہیں (یہی وجہ ہے کہ خلا میں کسی قسم کی آواز نہیں سنی جا سکتی) چنانچہ اس نے ان خیالات کی بنیاد پر ایک تجربے کے لئے خاکہ بنانا شروع کر دیا۔ کچھ ہی دیر کے بعد وہ ایک سادہ مشین بنانے میں کامیاب ہو چکا تھا۔ جو ایک ڈرم جس کے ساتھ ہینڈل لگا ہوا تھا جس کی مدد سے ڈرم گھمایا جا سکتا تھا۔ ڈرم کے اوپر وسط میں ایک سوئی تھی جو ایک جھلی سے منسلک تھی۔ آواز سے جھلی میں ارتعاش پیدا ہوتا اور اس سے اس کے ساتھ منسلک سوئی متحرک ہوتی تھی اور متحرک ہو کر ڈرم میں باریک سوراخ بنا دیتی تھی۔ ایڈیسن نے مشین کے ساتھ تجربہ شروع کیا۔ اس نے ہینڈل گھمایا جس سے ڈرم بھی گھومنے لگا اور اس کے ساتھ ہی مشین نے بچوں کا ایک گیت گانا شروع کر دیا۔ ایڈیسن کی آواز نے سوئی کو ایک خاص ترتیب سے محرک کیا جس نے ڈرم میں اسی ترتیب سے سوراخ کر دیئے۔ گیت گانے کے بعد ایڈیسن نے سوئی کو واپس ابتدائی نکتے پر رکھا اور اسی رفتار سے ہینڈل گھما دیا۔ اپنی آواز کو مشین میں سے برآمد ہوتا دیکھ کر ایڈیسن خود بھی حیرت زدہ ہو گیا۔

سوئی کے جس ارتعاش نے ڈرم میں باریک سوراخ کئے تھے ڈرم کو گھمانے سے وہی سوراخ سوئی کو اسی قدر مرتعش کر دیتے ہیں۔ جس سے وہی آواز پیدا ہو جاتی ہے جس نے سوئی ارتعاش پیدا کیا تھا۔ ایڈیسن نے اس عظیم ایجاد کا نام ''فونوگراف'' رکھا۔ اس ایجاد نے عوام میں ایک سنسنی کی کیفیت پیدا کر دی۔ کوئی بھی اس عجیب ایجاد پر یقین کرنے کو تیار نہ تھا سوائے اس کے جو خود اس کا مشاہدہ کر لیتا تھا۔ اس مشین کو دیکھنے والوں نے ایڈیسن کو میلو پارک کا جادوگر قرار دیا۔ عوام کے اس مشین کو دیکھنے کے ذوق و شوق کی وجہ سے میلو پارک تک ریل گاڑیاں چلا دی گئیں۔ ایڈیسن کو واشنگٹن آنے کی دعوت دی گئی تا کہ وہ اپنے اعلیٰ افسران کے سامنے مشین کا مظاہرہ کرے اور سیاستدانوں کی آواز ریکارڈ کرے۔

ایڈیسن کی ایجاد ''فونوگراف'' کی دو خامیوں کی وجہ سے عوام کی اس سے دلچسپی بہت جلدی ختم ہو گئی۔ ایک تو یہ ریکارڈ کے لئے استعمال ہونے والی چادر کو درست رکھنا آسان نہ تھا۔ دوئم یہ کہ اس پر ریکارڈ کرنے کی صلاحیت بہت کم تھی اور محض چند دفعہ کے استعمال سے آواز بہت مدھم ہو جاتی کہ سننا مشکل ہو جاتا۔

تقریباً دس سال ایڈیسن بھی اپنی ایجاد کو فراموش کئے رہا۔ دسمبر 1888ء میں ایڈیسن دوبارہ فونوگراف کی طرف متوجہ ہوا ٹن کے خول کے بجائے موم کا سلنڈر لگایا اور ہینڈل کے بجائے گھڑی کی طرح کا آلہ استعمال کیا تا کہ سلنڈر کی حرکت کو معین رکھا جا سکے۔ اس جدت سے فونوگراف عوام میں مقبول ہو گیا اور ایڈیسن اس سے مالی منفعت حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔

ایمیل برلنر نامی ایک جرمن نے ایڈیسن کے بنائے ہوئے فونوگراف میں یہ جدت کی کہ سلنڈر کی جگہ پلیٹ (DISC) استعمال کی۔ پھر عرصے تک یہی طریقہ استعمال ہوتا رہا جب تک کہ برقی ریکارڈنگ نے اس کی جگہ نہیں لے لی۔

ٹیلی گراموفون

1899ء میں آواز محفوظ کرنے کے طریقے کار نے ایک جست مزید اس وقت طے کی جب کوپن ہیگن کے رہنے والے والڈیمر پولسن نے جو وائرلس ٹیلی گرافی کے ابتدائی موجدوں میں سے ہے ایک نئی ایجاد کی اور اس کا نام ٹیلی گراموفون رکھا۔ ایک چھوٹا سا بکس تھا جس میں دو ڈرم رکھے ہوئے تھے ان میں سے ایک پر لوہے کا تار لپٹا ہوا تھا۔ مشین چلنے سے اس ڈرم سے تار اترتا جاتا اور دوسرے پر لپٹتا جاتا۔ اس دوران تار برقی مقناطیس کے قریب سے گزرتا۔ (برقی مقناطیس دراصل لوہے کا ایسا ٹکڑا ہوتا ہے جس کے گرد تار لپٹی ہوتی ہے۔ تار میں کرنٹ دوڑایا جائے تو لوہے کا ٹکڑا مقناطیس بن جاتا ہے)

مائیکروفون کے ذریعے صوتی لہریں برقی نوعیت اختیار کر لیتی ہیں جس ترتیب سے مائیکروفون کا پردہ مرتعش ہوتا ہے اسی ترتیب سے برقی کرنٹ پیدا ہوتا ہے اور وہ برقی کرنٹ اسی ترتیب سے برقی مقناطیس میں مقناطیسیت پیدا کر دیتا اور یہی مقناطیس قریب سے گزرنے والی لوہے کی تار میں اسی ترتیب سے مقناطیسیت پیدا کر دیتا۔ اس طرح تار کے اندر گویا آواز ریکارڈ ہو جاتی۔ ریکارڈ کی ہوئی آواز کو دوبارہ سننے کے لئے اسی لوہے کی تار کو جو مخصوص جگہوں سے مقناطیس بن چکی ہے دوبارہ برقی مقناطیس کے قریب سے گزارہ جاتا جو اس کے اوپر لپٹے تاروں میں اسی ترتیب سے برقی رو پیدا کر دیتا۔ یہی برقی رو جب مائیکروفون کے پردے کو مرتعش کرتی تو وہی آواز پیدا ہوتی جو کہ ریکارڈ کی گئی تھی۔ یہ مشین ایڈیسن کے فونوگراف سے بدرجہا بہتر تھی اس میں خوبی یہ تھی کہ اس کو بار بار استعمال کیا جا سکتا تھا اور تار سے ریکارڈنگ کو ختم کر کے دوبارہ ریکارڈنگ بھی کی جا سکتی تھی۔ (آج کل کی جدید کیسٹ پلیئرز میں بھی یہی اصول کارفرما ہے)

ٹیپ ریکارڈر

ایڈیسن کی ایجاد فونوگراف کو ایک فوقیت بہرحال حاصل تھی کہ اسے برقی رو کی قطعاً ضرورت نہ تھی۔ ارتقا کی ایک اور منزل اس وقت طے ہوئی جب پلاسٹک کی ٹیپ استعمال کی جانے لگی جس پر فیرس آکسائیڈ کی تہہ ہوتی تھی۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس نظام میں جدت آتی گئی اور آج کے اس جدید کمپیوٹر دور میں ایسے ریکارڈر تیار ہو گئے ہیں جہاں ٹیپ کے بجائے ڈسک استعمال ہوتی ہے ان ڈسک والے ریکارڈز کا معیار کیسٹ پلیئر کی نسبت کہیں بہتر ہے۔

☆☆☆

رغبت

لاہور کے ایک دوست نمازوں میں ذرا سست تھے۔ جب توجہ دلائی گئی تو ایسے نمازوں کی طرف راغب ہوئے کہ پھر اپنے کاروبار اور ملازمت کی ذرا بھی پرواہ نہ کی۔ ہر ممکن کوشش کر کے نماز ''دارالذکر'' لاہور میں آ کر ادا کرتے۔

(الفضل 31 مارچ 2003ء)

تعارف

سیرت و سوانح دخت کرام

حضرت صاحبزادی سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ

نام کتاب: سیرت وسوانح خاتون مبارکہ حضرت صاحبزادی سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ ''دخت کرام''

مرتبہ ومؤلفہ: محترمہ پروفیسر سیدہ نسیم سعید صاحبہ

شائع کردہ: لجنہ اماء اللہ ضلع لاہور

صفحات: 516

محترمہ پروفیسر سیدہ نسیم سعید صاحبہ لاہور کی سیرت و سوانح پر شائع ہونے والی یہ ساتویں کتاب ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سوانح فضل عمر جلد 1 صفحہ 7 پر سوانح نگاری کے متعلق تحریر فرماتے ہیں کہ ''جو قارئین مختلف قسم کی تصانیف کا تجربہ رکھتے ہیں وہ مجھ سے غالبًا اس امر میں اتفاق فرمائیں گے کہ تصانیف کی مختلف انواع میں سب سے مشکل وقت طلب نوع کسی کی سوانح حیات کی تصنیف ہے''۔

محترمہ پروفیسر صاحبہ نے اس دقت طلب اور وقت طلب کام کو بڑی خوبی سے سرانجام دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کی شخصیت کی اہمیت کسی احمدی سے پوشیدہ نہیں اور احمدیوں کو جو حضرت مسیح موعود اور آپ کے خاندان سے محبت ہے وہ بھی ہرگز ڈھکی چھپی بات نہیں۔ آپ حضرت مسیح موعود کی سب سے چھوٹی صاحبزادی تھیں۔ آپ 25 جون 1904ء کو پیدا ہوئیں۔ آپ کی پیدائش سے قبل حضرت مسیح موعود کو بشارت ملی تھی کہ بیٹی کی پیدائش ہوگی اور اس کی صفات کا ذکر اس طرح کیا گیا ''دختِ کرام''۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 228)

اس میں یہ بات مضمر تھی کہ یہ بیٹی لمبی عمر پائے گی اور مختلف حالات سے گزرے گی۔ مگر عسر اور یسر میں اس کے اخلاق کریمانہ کا اظہار ہوگا۔ چنانچہ آپ کی زندگی میں بہت سخت حالات بھی آئے مگر ہمیشہ خوش خلقی اور نیک طینتی کا ہی اظہار ہوا۔

حضرت مسیح موعود کے گھر پیدا ہوئیں اور اردگرد جو توحید اور رسول اللہ ﷺ کے عشاق دیکھے تو تمام دینی تعلیمات کا رنگ بھی آپ پر چڑھا۔ چھوٹی عمر میں ہی قرآن پڑھا۔ ترجمہ بھی سیکھا۔ تفسیر کبیر اکثر اوقات زیر مطالعہ رہتی۔ نمازوں کا بڑی باقاعدگی سے التزام کرتیں۔ تمام احکامات دینیہ کی مکمل پابندی شرح صدر سے کرتیں اور دوسروں کو بھی قائل کرتیں۔ جماعتی تقریبات میں شرکت فرماتیں۔ خدمت دین میں مصروف رہتیں۔ بچوں اور دوسرے ملنے والوں کو بھی تلقین فرماتیں۔ واقفین زندگی اور مربیان سلسلہ کے ساتھ خاص محبت اور انس سے پیش آتیں۔ ان کی بیوی بچوں سے بھی محبت کا سلوک فرماتیں۔

آپ صبر و رضا کا پیکر، مجسم عزم و ہمت، سچ پر پابند، لین دین میں صاف، بیماروں کی عیادت کرنے والی، دعائیں کرنے والی اور خدا پر توکل کرنے والی مبارک خاتون تھیں۔ آپ نیک وصالحہ اور تمام اخلاق حسنہ سے متصف تھیں۔ اسی وجہ سے خدا نے آپ کو بھی برکت دی اور آپ کے قریب رہنے والوں کو آپ کے طفیل برکات سے نوازا۔ آپ کے خاوند محترم حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب فرماتے تھے۔ ''میری دینی و دنیوی ترقی اسی پاک خاتون کے طفیل ہے جسے اپنے والد بزرگوار کے باعث برکت حاصل ہوئی''۔

(ص95)

آپ کی ایک خاص شان اپنے بزرگ والدین کی طرح ہمدردی مخلوق تھی۔ آپ ہر ایک کا خیال رکھتیں۔ مریضوں کو نسخہ جات بھی عطا فرماتیں۔ ملازموں، نوکروں اور دوسرے تعلق داروں کا ایسا خیال رکھتیں گویا کہ وہ انہیں کے گھر کا فرد ہے۔ بیشمار غریب بچیوں کی تربیت کی۔ انہیں تعلیم دلائی اور شادی وغیرہ تک کا بوجھ خود برداشت کیا۔ سخاوت کا بے مثال نمونہ تھیں۔ ہمدردی مخلوق اور حسن سلوک کے بیشمار واقعات اس کتاب میں ایک باب کے تحت اکٹھے کئے گئے ہیں۔ لیکن یقین ہے کہ سب کچھ اکٹھا نہ ہوا ہوگا کیونکہ سخاوت کے اس بحر ذخار کے ہر قطرے کو تو کیا کسی ایک حصہ کو بھی بیان کرنا محالات کی طرح ہے۔

اس کتاب میں حضرت سیدہ صاحبہ کے حالات زندگی بہت اچھے پیرایہ میں اکٹھے کردیئے گئے ہیں۔ مثلاً سفر یورپ کی مکمل ڈائری جو آپ کے ارشاد پر آپ کی صاحبزادی نے ساتھ ساتھ لکھی۔ اس کتاب میں موجود ہے۔ اس سفر کی خاص بات سوئٹزرلینڈ میں بیت محمود کا سنگ بنیاد رکھنا ہے۔ اس سفر کی مکمل روداد ہر قاری کے لئے دلچسپی اور ایمان کی ترقی کا باعث ہوگی۔

حضرت مسیح موعود کو قبولیت دعا کا معجزہ عطا کیا گیا تھا۔ خدا کے فضل سے آپ بھی ہمیشہ دعائیں کرتی رہیں اور خدائے تواب و رحیم ان کو قبولیت سے نوازتا رہا۔ آپ نے کئی رویا و کشوف دیکھے جو کہ پورے ہوئے۔ یہ آپ کے خدا کے ساتھ زندہ تعلق کی زندہ مثال ہے۔ اس کتاب میں اس طرح کے بیشمار واقعات کو ایک جگہ اکٹھا بیان کر کے قاری کے لئے سہولت پیدا کر دی گئی ہے۔

اسی خاتون مبارکہ کے روزانہ کے معمولات بھی شامل اشاعت ہیں جو بجائے خود ایک اسوہ اور نمونہ ہیں احمدیوں کے لئے کہ انہیں بھی اپنے معمولات اسی طرح عبادت و ذکر الٰہی سے معمور رکھنے چاہئیں۔ آپ مالی قربانی، خاوند کی مثالی اطاعت، بچوں کی بہترین تربیت، ان کی تعلیم وصحت کا خیال رکھنا، ملاقاتیوں سے حسن سلوک اور حسن اخلاق سے پیش آنا، صلہ رحمی کرنا، تعلقات میں حسن انتظامی بیماروں کی تیمارداری اور خدمت، غریب پروری، ہر ایک کے دکھ درد میں شریک ہونا، سب سے بڑھ کر دینی احکامات کی پابندی اور خلافت کے ساتھ اطاعت وفرمانبرداری کا بے مثال نمونہ تھیں اور اس کی بیشمار مثالیں اسی کتاب میں درج کی گئی ہیں۔ جو قارئین کے ازدیاد ایمان کا موجب ہوں گی۔

اس کتاب میں آپ کی اولاد کا شجرہ بہت محنت سے تیار کر کے شائع کیا گیا ہے۔ یہ شجرہ 28 دسمبر 2007ء تک کا ہے۔ اس دن تک آپ کی نسل میں پیدا ہونے والے ہر بچہ کا ذکر کر دیا گیا ہے۔

آپ کا علمی ذوق نہایت اعلیٰ درجہ کا تھا۔ آپ نے شادی کے بعد بھی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا۔ ادیب کا امتحان دیا اور پھر میٹرک اور ایف اے کیا۔ مطالعہ کا بے حد شوق رکھتی تھیں اور اکثر اوقات کتب کے مطالعہ میں مصروف رہتیں۔ اپنی ڈائری بھی لکھتی تھیں۔ آپ کی ڈائری میں موجود چند نسخے بھی اس کتاب کی زینت ہیں۔

